26-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ریاستی کابینہ کا اجلاس 29 اگست کو حیدرآباد میں ہوگا۔

۲۔مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار کا کہنا ہے کہ ان کی پارٹی کانگریس کی خوشنودی کی سیاست کے خلاف ہندو ووٹ بینک مضبوط کرتی رہے گی۔

۳۔بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور کابینہ پر کسانوں کو یوریا کی قلت کے دوران نظر انداز کرنے کا الزام لگایا، جبکہ وہ بہار میں انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔

اور

۴۔بھارتی بحریہ کے دو جدید جنگی جہاز آئی این ایس اُدے گری اور آئی این ایس ہمگری آج وشاکھاپٹنم میں بھارتی بحریہ کے بیڑے میں شامل کیے گئے۔

FESTIVAL:

تلنگانہ ریاست آئندہ سال جنوری میں بھارت میں ہونے والے نیوزی لینڈ فیسٹیول کی میزبانی میں اہم کردار ادا کرے گی۔زبان و ثقافت کے ریاستی ڈائرکٹر مامِڈی ہری کرشنا نے آج حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس کے دوران یہ بات کہی۔انہوں نے بتایا کہ تلنگانہ ایک دن کے لیے اس بین الاقوامی فیسٹیول کی میزبانی کرے گا۔انہوں نے کہا کہ اس فیسٹیول میں ثقافت، کھانوں، فیشن اور سیاحت کے ذریعے ہند-نیوزی لینڈ تعلقات کو مضبوط بنانے کا موقع ملے گا۔ہری کرشنا نے مزید بتایا کہ حال ہی میں نیوزی لینڈ میں منعقدہ انڈین فیسٹیول (14 تا 19 اگست) میں تلنگانہ کی ٹیم نے شرکت کی، جہاں دونوں ممالک کے سفارتکاروں، کاروباری رہنماؤں، فنکاروں اور کمیونٹیز کو قریب لایا گیا۔

SB Harikrishna

BRS

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی راما راؤ نے آج کانگریس حکومت پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور ان کی کابینہ تلنگانہ کے کسانوں کو درپیش یوریا کی شدید قلت کو نظر انداز کر کے بہار میں انتخابی مہم پر توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے ایکس (X) پر سلسلہ وار پوسٹس میں حکومت کی ترجیحات کو غلط اور کسان مخالف قرار دیا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس حکومت کے پچھلے چودہ ماہ کے طرزِ عمل کو عوام نظر انداز نہیں کریں گے۔

BANDI SANJAY

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ بی جے پی کانگریس کی مخصوص طبقوں کو خوش کرنے والی سیاست کے خلاف عوامی مسائل اٹھاتی رہے گی۔ انہوں نے یہ بیان اس وقت دیا جب تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے اپنی جن ہیت یاترا کے دوران بی جے پی پر "ووٹ چوری" اور ہندوتوا نظریہ کے ذریعے انتخابات جیتنے کا الزام عائد کیا۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ اگر کانگریس کے پاس کوئی ثبوت ہے تو وہ جعلی ووٹروں کی فہرست جاری کر کے الیکشن کمیشن سے رجوع کرے۔

Sound Byte.

HAM

ریاستی وزیر برائے سڑکیں وعمارات کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضلع وار ہائبرڈ اینوئٹی ماڈل (HAM) کی تجاویز کو حتمی شکل دیں۔ یہ ہدایات انہوں نے حیدرآباد کے ارم منزل دفتر میں چار گھنٹے طویل جائزہ اجلاس کے دوران دیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے گی، جنہیں پچھلی حکومت نے نظر انداز کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 10 کلومیٹر سے طویل سڑکوں کو ترجیح دی جائے گی تاکہ دیہی علاقوں میں اقتصادی ترقی ممکن ہو۔ حکومت کا منصوبہ تقریباً 4,000 کلومیٹر سڑکوں کی تجدید اور موجودہ سڑکوں کی مضبوطی اور دیکھ بھال پر مشتمل ہے۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست تلنگانہ کے بھدرادری کوتہ گوڑم، جیاشنکر بھوپال پلی، محبوب آباد، مُلُوگو اور ورنگل اضلاع میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔ روزانہ موسمی رپورٹ میں بتایا گیا کہ کل بھی بھدرادری کوتہ گوڑم اور محبوب آباد اضلاع میں یہی صورتحال برقرار رہے گی۔ حیدرآباد میں آج دوپہر ہلکی بوندا باندی ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات نے شہر کے تمام پانچ زونز میں ہلکی سے درمیانی بارش اور تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کے امکانات ظاہر کیے ہیں۔

YATRA:

: چیف منسٹر اے ریونت ریڈی اور ان کی کابینہ کے کئی وزراء نے آج لوک سبھا میں قائدِ حزب اختلاف راہل گاندھی کے ساتھ بہار کے سیوان ضلع میں جاری 'ووٹر ادھیکار یاترا' میں حصہ لیا۔ اس موقع پر پرینکا گاندھی، آر جے ڈی لیڈر تیجسوی یادو اور انڈیا بلاک کے دیگر قائدین بھی شریک ہوئے۔

SAND BAZAR

ریاستی وزیر صحت دامودر راجا نرسیمہا نے آج ضلع سنگاریڈی میں ریت بازار اور لاجسٹک یونٹ کا افتتاح کیا۔ یہ سہولت تلنگانہ منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے تحت چلائی جائے گی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت کا مقصد معیاری ریت عوام کو براہِ راست مناسب قیمتوں پر فراہم کرنا ہے تاکہ بیچولیوں کا خاتمہ ہو۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ضلع میں ہر 20 کلومیٹر کے دائرے میں ایک ریت بازار قائم کیا جائے گا تاکہ مقامی ضروریات پوری ہوسکیں۔

GREEN TRIBUNAL:

ریاستی حکومت کو ایک بڑا جھٹکا اُس وقت لگا جب نیشنل گرین ٹریبونل کی جنوبی بنچ، چینئی نے نارائن پیٹ-کوڑنگل لفٹ اریگیشن پراجیکٹ کی تمام تعمیراتی سرگرمیوں کو فوری طور پر روکنے کے احکامات جاری کیے۔ ٹریبونل نے واضح کیا کہ ماحولیاتی کلیئرنس حاصل کیے بغیر منصوبے پر کوئی کام آگے نہیں بڑھ سکتا۔ یہ حکم تین کسانوں کی جانب سے دائر کردہ درخواست پر جاری کیا گیا، جنہوں نے الزام لگایا تھا کہ منصوبے کی تعمیر لازمی ماحولیاتی منظوریوں کے بغیر جاری ہے۔

CHILD RIGHTS:

چائلڈ رائٹس کمیشن کی چیئر پرسن کوٹھا کوٹہ سیتا دیا کر ریڈی نے ممبران کے ہمراہ درگا بائی دیشمکھ ووکیشنل ٹریننگ اینڈ ریہیبلیٹیشن سینٹر فار دی ڈسیبلڈ کا دورہ کیا، جو آندھرا مہلا سبھا کے زیرِ انتظام ہے اور حیدرآباد کے ودیانگر میں واقع ہے۔ یہ مرکز ذہنی اور جسمانی طور پر معذور بچوں کو تعلیم و بحالی کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ کمیشن نے تدریسی طریقوں کا جائزہ لیا اور ذہنی طور پر چیلنجڈ بچوں کی تعلیم کے انداز کو سراہا۔ اس موقع پر سنکلپ فاؤنڈیشن کی جانب سے تیار کردہ چائلڈ پروٹیکشن اور آگاہی پر مبنی پوسٹر کا اجراء بھی کیا گیا۔

RAJNATH SINGH

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج وشاکھاپٹنم میں مشرقی بحریہ کمان پر دو جدید فریگیٹ جنگی بحری جہازوں — آئی این ایس اُدے گری اور آئی این ایس ہمی گری — کو بھارتی بحریہ کے حوالے کیا۔ یہ پہلا موقع ہے جب دو بڑے جنگی جہاز، جو الگ الگ معروف شپ یارڈز میں تیار کیے گئے، ایک ساتھ کمیشن کیے گئے ہیں۔ وزیر نے اسے "میک ان انڈیا" اور "آتم نربھر بھارت" منصوبوں کی کامیابی کی علامت قرار دیا۔ یہ پیش رفت بھارت کی بحری طاقت میں خودانحصاری کی سمت ایک بڑا اقدم ہے۔

Sount Byte

VIBRANT VILLAGE:

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے نئی دہلی میں دوروزہ وائبریٹ ولیجز پروگرام ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کیا۔ یہ ورکشاپ وزارت داخلہ کے بارڈر مینجمنٹ ڈویژن کی جانب سے منعقد کی گئی ہے۔ وزیر نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد سرحدی دیہاتوں سے نقل مکانی کو روکنا، وہاں کے شہریوں کو مرکز و ریاست کی اسکیموں سے فائدہ پہنچانا، اور ان علاقوں کو قومی سلامتی کے مضبوط ستون بنانا ہے۔ پروگرام کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، مقامی ثقافت کا فروغ، سیاحت کے ذریعے روزگار اور ہر لحاظ سے ان دیہاتوں کو "وائبریٹ" بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

CABINET:

ریاستی کابینہ کا اجلاس 29 اگست کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ سرکاری اعلامیہ کے مطابق، وزراء کونسل کا یہ اجلاس سہ پہر کو ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ سیکریٹریٹ، حیدرآباد میں منعقد کیا جائے گا، جہاں اہم ریاستی امور پر غور کیا جائے گا۔

SC-HC

سپریم کورٹ نے ہائی کورٹس کی جانب سے فیصلوں میں تاخیر پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ جسٹس سنجے کرول اور پرشانت کمار مشرا کی بینچ نے کہا کہ ایسے تاخیر سے عدالتی نظام پر عوام کا اعتماد متزلزل ہوتا ہے۔ عدالت نے ہدایت دی کہ اگر کسی مقدمے کا فیصلہ تین ماہ کے اندر نہیں سنایا جاتا، تو متعلقہ مقدمہ چیف جسٹس کے سامنے پیش کیا جائے گا، جو دو ہفتوں کے اندر فیصلہ سنانے کی ہدایت دیں گے۔ اگر پھر بھی فیصلہ نہ دیا جائے تو مقدمہ کسی اور بینچ کو منتقل کر دیا جائے گا۔ یہ ہدایات ایک فوجداری اپیل کے سلسلے میں دی گئیں، جو 2008 سے الہ آباد ہائی کورٹ میں التوا کا شکار تھی۔ سپریم کورٹ نے اسے "انتہائی حیران کن اور ناقابلِ قبول" قرار دیا۔

OO